# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: ایفائے عہد | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کِڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- سبق سے متعلق سوالات اور جوابات کے الگ الگ کارڈ بنائیں اور انھیں بچوں میں تقسیم کریں۔
- اب بورڈ پر سوالات اور جوابات کے دو کالمز بنائیں۔
- جن بچوں کے پاس سوالات ہیں ان سے ہاتھ بلند کروائیں۔
- اب باری باری ان سے سوالات دہرانے کے لیے کہیں اور ہدایت دیں کہ وہ سوالات والے کالم کے پاس کھڑے ہوتے جائیں۔
- تمام سوالات مکمل کرنے کے بعد باری باری ان بچوں سے اپنے اپنے کارڈ پر لکھے سوال پڑھنے کو کہیں۔
- تمام بچے غور سے سوال سنیں اور جس بچے کے پاس اس کا درست جواب ہو وہ سوال کے اختتام پر اس بچے کے پاس جا کر کھڑا ہو جائے اور اپنا جواب پڑھے۔
- اسی طرح تمام سوالات کے جوابات کی خواندگی کروائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں آج ہم سبق ایفائے عہد سے متعلق سوالات وجوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- بچوں کے چار گروہ بنائیں۔ ہر گروہ کو چارٹ سے بنی ایک ٹوکری دیں۔
- اس پر سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے سوالات لکھے ہوں اور ان کے جوابات لکھنے کی جگہ خالی ہو۔
- چاروں گروہوں کو ہدایت دیں کہ وہ ٹوکری پر لکھے سوالات پڑھیں اور پھر باہمی مشورے سے ان کے جوابات لکھیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی جگہ چھوڑ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے ایک، ایک بچے کو بلائیں اور ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس سوال کی ٹوکری آئی ہے وہ سوال بورڈ پر تلاش کر کے اس کے نیچے جواب لکھیں۔
- درست جواب لکھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اب بورڈ پر تمام سوالات کے جوابات لکھیں۔
- بچوں سے سوالات وجوابات کی خواندگی کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر اپنی کاپیوں میں لکھیں۔

| |
|---|
| • اس دوران ان کی نگرانی کریں۔<br>• انھیں جہاں مدد کی ضرورت ہو، فراہم کریں۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصر اً کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات لکھ کر متفرق بچوں سے ان کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

## ورک شیٹ

سوال نمبر ۱: اسد اور علی کس بات پر جھگڑ رہے تھے؟

سوال نمبر ۲: اسد نے کون سی تین غلطیاں کی تھیں؟

سوال نمبر ۳: جزیہ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر ۴: ہرمزان نے پانی کا پیالہ کیوں پٹخ دیا؟

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: ایفائے عہد | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط اور درست جملوں کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب، گیند

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر انھیں دائرے میں کھڑا کر دیں۔
- اب دائرے میں کھڑے ایک بچے کو گیند دیں۔
- خود تالی بجانا شروع کریں اور اس بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے دے۔
- اس طرح سے بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔
- اچانک تالی بجانا بند کریں۔
- اس وقت گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو گی۔ اس بچے سے سوال نمبر 1 میں دیے ہوئے سوالات میں سے ایک سوال پوچھیں۔
- بچہ اس سوال کا جواب دے گا۔
- درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیا جائے گا۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی سوالات پر کروائیں۔
- آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- مشق کے سوال نمبر 2 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کے چار کارڈز اس طرح بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے چار چار ڈبے بنے ہوں، جن میں سوالات کے ممکنہ چار چار جوابات لکھے ہوں۔
- بچوں کو چار گروہوں میں تقسیم کریں۔
- ہر گروہ کو ایک ایک کارڈ دے دیں۔
- انھیں مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر سوچیں اور باہم مشورے سے اس جواب پر دائرہ لگائیں۔
- اس دوران بوڈر پر تمام سوالات اور ان کے ممکنہ جوابات سامنے لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی سوال بولیں۔

| |
|---|
| • جس گروہ کے پاس اس سوال پر مبنی کارڈ ہو گا، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس سوال کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔<br>• درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔<br>• اس طرح یہ سرگرمی باقی سوالات پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔<br>• سوال نمبر 3 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے جماعت کے دو گروہ بنالیں۔<br>• ہر گروہ کو غلط درست فقرات کی تین تین کارڈ دیں۔<br>• انھیں ان کی خواندگی کروائیں اور غلط درست فقرات کی نشان دہی کروائیں۔<br>• اس سرگرمی کے بعد بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔<br>• کتاب کا کام مکمل کروائیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) جماعت میں کروائے گئے سبق کو مختصر اً دہرائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) سبق سے متعلق مختلف فقرات تھوڑے سے ردوبدل سے بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے ان کی درستی کروائیں تاکہ بچوں کی فہم کا جائزہ لیا جاسکے۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام:ایفائے عہد | |

**مقاصد:** سبق کے بارے میں اظہار خیال کر سکیں۔

مرکب الفاظ سے جملے بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو خاموشی سے سبق کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- اس مقصد کے لیے ان کو دائرے میں بٹھا دیں اور ہدایت دیں کہ جوڑیوں کی صورت میں ایک دوسرے کو سبق کے اہم نکات کو سنائیں۔
- بچوں سے پوچھیں ایفائے عہد سے کیا مراد ہے؟ اگر وہ اسد کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟
- ان سے بات چیت کریں اور پوچھیں کہ بہ حیثیت طالب علم وہ وعدے کی پابندی کا کتنا خیال رکھتے ہیں؟
- بچوں کو اظہار خیال کا بھرپور موقع دیں اور دوران گفتگو انھیں ٹوکا نہ جائے کیونکہ اس طرح وہ اپنا اعتماد کھو دیتے ہیں۔
- غلطیوں کی اصلاح آخر میں کی جائے اور سرگرمی کے آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- بچوں کو بتائیں آج ہم مرکب الفاظ سے جملے بنائیں گے۔
- بچوں کو بتائیں ایسے الفاظ جو دو لفظوں سے مل کر بنے ہوں مرکب الفاظ کہلاتے ہیں۔ جیسے خوب صورت، گھوڑا گاڑی۔
- انھیں بتائیں دونوں الفاظ میں سے ہر ایک بامعنی ہے اور الگ الگ بھی استعمال ہوتا ہے۔
- بورڈ پر چند مرکب الفاظ لکھیں اور جملے بنائیں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنائیں۔
- دونوں گروہوں کو سوال نمبر 6 میں دیے گئے الفاظ کی پرچیاں دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ باہمی مشاورت سے ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔
- مقررہ وقت کے بعد دونوں گروہوں کے لیڈرز کو بلائیں اور انھیں اپنے لکھے جملے جماعت کے سامنے سنانے کے لیے کہیں۔
- درست جملے بنانے والے گروہ کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بعد ازاں خود مرکب الفاظ کے جملے بنائیں اور بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان جملوں کو کاپی پر اتاریں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) مرکب الفاظ بورڈ پر لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جملے بنوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: ایفائے عہد | |

**مقاصد:** فعل، فاعل اور مفعول کے بارے میں جان سکیں۔
غلط فقرات کو درست کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب، جملوں کی پرچیاں، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- جماعت کے بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔
- ان میں ایک ایک لیڈر بھی مقرر کریں۔
- ایک ٹوکری میں املا کی غلطی کے ساتھ پانچ جملوں کی پرچیاں ڈالیں۔
- ہر گروہ سے ایک لیڈر کو بلائیں اور انھیں میز پر رکھی ہوئی ٹوکری میں سے ایک ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں ان پرچیوں پر لکھے جملوں کو پڑھیں اور باہمی مشاورت سے ان کی املا درست کر کے جملے دوبارہ لکھیں۔
- اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے لیڈر کو بلائیں اور اپنا لکھا جملہ بورڈ پر لکھنے اور درست املا کی نشان دہی کرنے کا کہیں۔
- اس کے بعد سوال نمبر 9 میں دیے گئے غلط فقرات کو بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے ان کی درستی کروائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں آج ہم فعل عاعل اور مفعول کے بارے میں جانیں گے۔
- اس مقصد کے لیے بورڈ پر تین کالم بنا کر فعل، فاعل اور مفعول کی سرخی لکھیں۔
- بچوں کو پہلے فعل، فاعل اور مفعول کا تصور واضح کریں۔
- انھیں بتائیں فعل سے مراد وہ لفظ ہے جو کسی کام کے کرنے یا ہونے کو ظاہر کرے۔
- فاعل سے مراد وہ لفظ ہے جو کسی کام کے کرنے والے کو ظاہر کرے۔
- جبکہ مفعول سے مراد وہ الفاظ ہیں جو اثر انداز ہونے والے اسم کو ظاہر کریں۔
- بورڈ پر ایک جملہ لکھیں: ”فاطمہ کتاب پڑھ رہی ہے۔“
- اس جملے میں فاطمہ فاعل، کتاب: مفعول جبکہ پڑھ رہی ہے، فعل ہے۔
- اب مختلف جملوں پر مشتمل پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں۔

| |
|---|
| • بچوں کے تین گروہ بنائیں۔<br>• ہر گروہ کو دو دو جملوں کی پرچیاں دیں نیز انھیں ہدایت کریں کہ ان جملوں میں **فعل**، فاعل اور مفعول کی نشان دہی کریں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے لیڈر کو بلوائیں اور انھیں اپنے جملے بورڈ پر لکھنے اور **فعل**، فاعل اور مفعول کی نشان دہی کرنے کو کہیں۔<br>• درست سرگرمی کرنے والے گروہ کو شاباش دیں۔ |
| **اعادہ:**(3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5 منٹ) سوال نمبر 8 میں دیے گئے جملے بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کاپیوں پر ان کے **فعل**، فاعل اور مفعول لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2 منٹ) پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: ایفائے عہد | |

**مقاصد:** حسبِ ضرورت خط لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو دکھاتے ہوئے ایک خط کا لفافہ بورڈ پر چسپاں کریں۔
- ان سے اس کے متعلق سوالات کریں۔
- جیسے: کیا آپ نے پہلے کبھی یہ لفافہ دیکھا ہے؟
- کیا آپ جانتے ہیں یہ کس مقصد کے لیے استعمال ہوتا ہے؟
- جواب ہاں کی صورت میں ان سے پوچھیں کیا آپ نے کبھی خط لکھا ہے؟
- ان سے جواب لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں آج ہم خط لکھنے کے بارے میں جانیں گے۔
- ان سے پوچھیں خط کے کتنے حصے ہوتے ہیں؟
- انھیں بتائیں خط کے پانچ حصے ہوتے ہیں۔ ان حصوں کے نام بورڈ پر نمایاں کر کے لکھیں۔
- مقام روانگی اور تاریخ القاب آداب و تسلیمات نفسِ مضمون اختتام
- اب ہر حصے کو ایک ایک کر کے تفصیل سے بتائیں۔

مقام روانگی: خط کے شروع میں پہلی سطر میں دائیں جانب جہاں سے خط لکھا جاتا ہے اس مقام کا نام لکھا جاتا ہے اور اس کے نیچے دوسری سطر میں تاریخ لکھی جاتی ہے۔

جیسے: آؤٹ فال روڈ، لاہور

17 مارچ 2023ء

القاب: مکتوب الیہ کو جن الفاظ میں مخاطب کیا جاتا ہے انھیں القاب کہتے ہیں۔

جیسے: پیارے ابا جان!

آداب و تسلیمات: القاب کے ساتھ ہمیشہ مناسب الفاظ میں آداب و تسلیمات لکھے جاتے ہیں۔

جیسے: السلام علیکم یا آداب

نفسِ مضمون: خط کے بارے میں اصل مقصد بیان کیا جاتا ہے۔ اس حصے میں وہ تمام ضروری باتیں لکھی جاتی ہیں جس مقصد کے تحت خط لکھا جا رہا ہوتا ہے۔

اختتام: نفس مضمون ختم ہو جائے تو آخر میں الوداعی اور دعائیہ الفاظ کے ساتھ اختتام کیا جاتا ہے اس کے ساتھ ہی خط لکھنے والا اپنا نام بھی لکھتا ہے اور یہ نام بائیں جانب لکھا جاتا ہے۔ جیسے:

آپ کی دعاؤں کا طالب
علی حسنین

- اب بچوں کے دو گروہ بنائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ مل کر اپنے دوست کے نام لکھیں اور اُسے وعدہ پورا کرنے کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔
- ہر گروہ کو ایک جیسا مخصوص وقت دیں۔
- کام کے دوران ان کا جائزہ لیں جہاں انھیں مدد کی ضرورت ہو، فراہم کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) سبق سے متعلق اہم نکات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بچوں کے دو گروہ بنائیں ایک گروہ سے خط کا خاکہ بورڈ پر بنوائیں۔ اور دوسرے سے اس کے اندر خط لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

اپنے دوست کے نام خط لکھیں اور اسے ایفائے عہد کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: ایفائے عہد | |

**مقاصد:** کسی موضوع پر تقریر کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹڈ زاُردو جماعت پنجم کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے بچوں سے خط کے حصوں کے نام پوچھیں۔
- ان سے پوچھیں خط میں نفس مضمون لکھتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے؟
- بچوں سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بورڈ پر لکھیں "ایفائے عہد"۔
- بچوں کو بتائیں آج وہ ایفائے عہد کے موضوع پر تقریر تیار کریں گے۔ موضوع سے متعلق انھیں بتائیں۔
- "انسانی سیرت کے مختلف پہلو ہیں جن سے کسی بھی انسان کی شخصیت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے کچھ خوبیاں ایسی ہوتی ہیں جو انسان کی شخصیت کو نکھارتی ہیں۔ جن کی بنا پر وہ شخص اچھے کردار کا مالک بنتا ہے اور ساتھ ساتھ اس کے اجر میں بھی اضافہ ہوتا جاتا ہے۔
- انھی اچھے اخلاق میں سے ایک ایفائے عہد ہے۔ انسانی تعلقات میں کئی دفعہ باہمی معاملات وعدوں پر منحصر ہوتے ہیں اگر ان وعدوں کو پورا کیا جائے تو معاملات ٹھیک رہتے ہیں ورنہ تعلقات میں خرابی پیدا ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ کسی بھی وعدہ خلاف انسان کو قابل اعتماد نہیں سمجھا جاتا اور اس سے ان معاملات میں احتیاط کی جاتی ہے جو وعدے پر منحصر ہو۔

  قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:
- "بے شک عہد کے بارے میں پوچھا جائے گا۔" (سورۃ الاسراء:34)
- وعدہ پورا کرنا دراصل خدا کی صفت ہے اور وہ یہ صفت اپنے بندوں میں بھی دیکھنا چاہتا ہے۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ کی سیرت میں بے شمار ایسے واقعات ملتے ہیں کہ سخت سے سخت حالات میں بھی اللہ کے رسول خَاتَمُ النَّبِيّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ نے معاہدے کی پاسداری کی۔
- اسی لیے ہمارے پیارے نبی خَاتَمُ النَّبِيّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ نے بھی ایفائے عہد پر بہت زور دیا ہے۔
- آپ خَاتَمُ النَّبِيّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ کا ارشاد پاک ہے:

  "اس شخص کا کوئی ایمان نہیں جس میں امانت داری نہیں

اور اس شخص کا کوئی دین نہیں جس میں عہد کی پاسداری نہیں"۔

- یہ تمام معلومات دینے کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ تقریر تیار کریں۔
- تقریر میں استعمال ہونے والے الفاظ عام فہم اور با معنی ہونے چاہییں۔
- درج بالا ہدایات دینے کے بعد بچوں کو سرگرمی کے لیے وقت دیں۔
- تقریر کے آغاز، عروج اور اختتام کا دھیان رکھیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر تقریر کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کے متعلق مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) متفرق بچوں سے ایفائے عہد کے بارے میں سنیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔